رول نمبر اُمیدوار : ______________

اُردو (لازمی) دوسرا گروپ (1st A 124-IV) سیکنڈری سکول پارٹ-I، کلاس نہم پرچہ : I

وقت: 20 منٹ معروضی ...... Code: 5028 مارکس : 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1 . 1 - "جرم" کی جمع ہے

(A) جروم (B) اجرام (C) جریم (D) اجرائم

2 - ______ کی کمر جھک کر کمان ہو گئی تھی۔

(A) دادی (B) نانی (C) خالہ (D) پھوپھی

3 - "رنج" کا مترادف ہے

(A) سکھ (B) خوشی (C) الم (D) پیار

4 - "بنجارا" کی مؤنث ہے

(A) بنجاری (B) بنجارن (C) بنجارنی (D) بنجن

5 - نعت میں طوطی کے ساتھ لفظ آیا ہے

(A) بلبل (B) طوطا (C) کبوتر (D) مور

6 - جو لوگ زنانہ مکان کے اندر گھسنا معیوب سمجھتے تھے

(A) اہلِ مغرب (B) اہلِ عرب (C) اہلِ دل (D) اہلِ وطن

7 - میر تقی میر کی وجۂ شہرت ہے

(A) نظم (B) مرثیہ (C) قصیدہ (D) غزل

8 - "بندر" کی مؤنث ہے

(A) بندری (B) بنداری (C) بندریا (D) بندائن

9 - شعر کے آخر میں دہرائے جانے والے ایک جیسے الفاظ کو کہا جاتا ہے

(A) قافیہ (B) مطلع (C) ردیف (D) مقطع

10 - ______ کے اخلاق نہایت وسیع تھے۔

(A) حالیؔ (B) آتشؔ (C) غالبؔ (D) ذوقؔ

11 - اکثر ______ گھبرایا کرتا ہے۔

(A) مبتدی (B) چور (C) جھوٹا (D) نالائق

12 - "خیمہ" کی جمع ہے

(A) خیم (B) اخیام (C) خیاّم (D) خموم

13 - روٹی پیدا کرنے کے لیے نہایت ضروری ہے

(A) آرام (B) سفارش (C) خوشامد (D) محنت

14 - عید کے دن میلے سے کھلونا گاڑی لایا تھا

(A) ننھا (B) منا (C) ببلو (D) للّو

15 - مصرع "اس زُلف پہ پھبتی شب دیجور کی سوجھی" ______ کا ہے۔

(A) انشاؔ (B) جرأتؔ (C) دردؔ (D) میر تقی میرؔ